بڑی قابلِ قدر کتاب ہے اور اساتذہ اور مدارجِ اعلیٰ کے طلبہ کو اس کا مطالعہ ضرور کرنا چاہیے۔ نیز درس گاہوں کی لائبریریوں میں اسے رکھا جانا چاہیے۔

یوم حساب از ڈاکٹر محمد عبدالقدوس۔ سیل ایجنٹ: ایس ایم میرٹک سیلر، ۴۰ چارٹرڈ بینک چیمبرس، تالپور روڈ، کراچی ۲

ڈاکٹر محمد بشارت علی (عمرانیات) کے تعارف نامے کے ساتھ یہ مختصر کتاب مسئلہ حیاتِ اخروی اور جزائے اعمال پر بحث کرتی ہے۔ استدلال کے لیے آخر میں فلسفیانہ اور سائنسی اشارات بھی شامل ہیں۔ فاضل مؤلف کی بحث میں ان کے "نظریۂ حرکتِ ارادیہ" کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ جس مقصد کے سامنے یہ مفید کتاب لکھی گئی ہے۔ اس کے لحاظ سے قابلِ قدر ہے۔

روحِ قرآن از سید اسعد گیلانی۔ ناشر: مجلسِ خدمتِ اسلامی، شارع فاطمہ جناح، لاہور۔ صفحات: ۵۵، قیمت ۴/- روپے۔

محمد احمد وصفی صاحب نے جسارت کراچی میں تراویح میں روزانہ پڑھے جانے والے حصۂ قرآن کا خلاصۂ مفہوم قسط وار شائع کرایا تھا۔ گیلانی صاحب نے اسی کو ترتیب و تدوین کے ساتھ پیش کر دیا ہے۔ یہ قرآن کا اجمالی انعکاس تو ہے، مگر قرآن کی رُوح تو نکال کر پیش نہیں کی جا سکتی۔

حضرت مسیح علیہ السلام، مرزا قادیانی کی نظر میں از مولانا لال حسین صاحب اختر مرحوم۔ ناشر: مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان۔ قیمت درج نہیں۔

مرزائے قادیان نے حضرت مسیحؑ کے متعلق جو افسوسناک عبارتیں لکھی ہیں۔ ان پر اچھی بحث کی گئی ہے۔